یہ عمل زہر، نظر اور سحر...... تینوں کو مفید ہے۔ یعنی اگر کسی شخص پر نظر ہو گئی ہو یا کسی نے سحر کر دیا ہو یا زہر کھلانے کا شبہ ہو تو یہ عمل مفید ہو گا۔ اور اگر اس عمل کا عامل پانی دم کر کے پلائے اور عمل کا نقش لکھ کر گلے میں ڈال دے یا بازو پر باندھ دے تو جادو اور نظر اور زہر اس پر اثر ہی نہ کر سکیں گے۔ اس عمل کا نصاب مقرر ہے اور عمل یہ ہے: لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِ اللّٰہِ شَیْءٌ

ترجمہ: ''نہیں نقصان پہنچا سکتی اللہ کے نام کی برکت سے کوئی چیز بھی۔''

یہ عمل صبح سورج کے طلوع کے وقت اور دوپہر کو ٹھیک زوال کے وقت اور شام کو ٹھیک غروب کے وقت ساٹھ (60) مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ عامل کھڑے ہو کر پڑھتا ہے اور اپنے دونوں ہاتھ کلائیوں تک پانی کے اندر ڈبوئے رکھتا ہے۔ چالیس (40) دن مسلسل پڑھنا چاہیے، ناغہ نہ ہو۔ کھانے پینے کی کوئی احتیاط نہیں۔ اور سوائے مذکورہ ترکیب کے اور کوئی ترکیب بھی نہیں ہے۔ جب نصاب پورا ہو جائے تو ایک دفعہ پڑھ کر دم کر دینا کافی ہے۔ پانی پر دم کیا جائے یا کسی اور کھانے پینے کی چیز پر۔ اس کے کھلانے پلانے سے نظر بد، جادو اور زہر کا اثر جاتا رہے گا۔ اور اگر تندرست آدمی پر سات (7) روز تک مسلسل یہ عمل دم کیا جائے تو پھر اس شخص پر نظر، سحر اور زہر کا اثر نہیں ہو گا۔

٭..................٭..................٭

حکیم صوفی فاروق جان مجددی قادری

ہفت سلام سے سحر علوی و سفلی و بد اثرات سے نجات

زبردست جادو ہو یا تعویذات یا بد اثرات یا کوئی آئے دن بیماریوں میں مبتلا ہوتا ہو تو یہ عمل قوی الاثر اور قرآن پاک کا زندہ کرشمہ ہے۔ کامل یقین و اعتقاد شرط ہے۔ جمعرات سے پلانا شروع کرے۔ روزانہ ایک نقش پلانا ہے۔ اٹھائیس (28) دن کا عمل ہے۔ ہر نقش چار (4) عدد لکھے۔ بعد از فجر کسی پاکیزہ ظروف میں نقش کو عرق گلاب میں ڈالے اور عصر و مغرب کے درمیان پی لیا جائے۔ کاغذ کو محفوظ مقام میں رکھے یا دریا میں ڈالے یا دفن کرے۔ اور یہ نقش مبارک گلے میں ڈالے۔ بفضلِ خدا، شفائے کامل ہو گی۔ یہ نقش مثلث ہے، باقی اٹھائیس (28) نقوش مربع ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ	سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ	سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی
سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ	سَلٰمٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی	سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ
سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ	سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ	سَلٰمٌ عَلٰٓی اٰلِ یَاسِیْنَ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ

جمعرات سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ

جمعہ سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ

ہفتہ سَلٰمٌ عَلٰٓی اٰلِ یَاسِیْنَ

اتوار سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

پیر سَلٰمٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی

منگل سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ

بدھ سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

ہر نقش کے اوپر تسمیہ اور نیچے "وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ" لکھیں۔

........................*............*............*

کاش البرنی رحمۃ اللہ

نقش چہل اسم باموکل برائے دفع سحر و جادو، آسیب، جن و شیاطین

۷۶۳۴۴	۱۹۰۸۶	۱۵۲۶۸۸	۱۹۰۹۰۳	۱۳۳۶۰۲
۱۴۳۱۴۵	۲۲۹۰۷۵	۱۲۴۰۵۹	۶۶۸۰۱	۹۵۴۳
۱۱۴۵۱۶	۵۷۲۵۸		۱۸۱۳۱۷	۲۱۹۵۳۲
۳۸۱۷۲	۱۷۱۷۷۴	۲۰۹۹۸۹	۱۰۴۹۷۳	۴۷۷۱۵
۲۰۰۴۴۶	۹۵۴۳۰	۸۵۸۸۷	۲۸۶۲۹	۱۶۲۲۳۱

وفق ۵۷۲۶۲۳

دفع آسیب و جادو وغیرہ

اس نقش کی چار (4) بتیاں ساعت عطارد یا مشتری میں بناؤ۔ چار (4) تعویذ لکھ کر ان کی بتیاں بناؤ۔ اور چراغ میں تیل ڈال کر ایک ایک کر کے چاروں بتیاں جلاؤ۔ مریض کو قبلہ رو اس طرح بٹھائیں کہ وہ چراغ کو دیکھتا رہے نیز ایک برتن میں عرق بادیاں بقدر چار تولہ ڈال کر اس پر عامل نادعلی شریف پڑھ کر پھونکتا رہے۔ جب چاروں بتیاں ختم ہو جائیں اور چراغ گل ہو جائے۔ تو وہ عرق مرض کو پلا دیں۔ ان شاء اللہ ایک ہی رات میں صحت ہو گی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ نادعلی شریف یہ ہے

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَآئِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِكَ یَآ اَللّٰهُ یَآ اَللّٰهُ وَبِنُبُوَّتِكَ یَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اور نقش یہ ہے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بحق مہتر سلیمان بن داؤد علیہ السلام یالوہائیل سلیقون یا بکتانوش

........................*............*

سید شاہ محمد قادری

ہر قسم آسیب، نظر بد اور مرض دور ہو

اگر معوذتین کا نقش آسیب زدہ یا بداثرات کے شکار مریض کے گلے میں یا بازو پر باندھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ نقش مندرجہ ذیل ہے:

۷۸۶

۳۶۸۹	۳۶۹۲	۳۶۹۵	۳۶۸۲
۳۶۹۴	۳۶۸۳	۳۶۸۸	۳۶۹۳
۳۶۸۴	۳۶۹۷	۳۶۹۰	۳۶۸۷
۳۶۹۱	۳۶۸۶	۳۶۸۵	۳۶۹۶

بحق ایں نقش ہر قسم آسیب و نظر بد و ہر مرض
در وجود ایں را دفع شود دفع شود دفع شود

........................*............*

اللہ نبی کل نور — میں اکیلا منزل دور
چودہ طبق تیرا نور — میری بیڑی تیرا پور
نام نبی دے بنے لا دے

ترکیب استعمال بارش کا پانی، آب زم زم، دریا کا پانی، چار (4) مساجد کا پانی،

کسی ولی کی درگاہ کا پانی۔

ان سب پانیوں کو ملا کر رکھ دیں۔ پھر ان پر مندرجہ بالا عمل اکتالیس (41) مرتبہ پڑھیں اور دم کریں۔ اس طرح تین (3) مرتبہ کریں۔ اور اکتالیس (41) روپے کی چیز دریا میں عامل کے نام کی پھینک دیں۔ جتنی مرتبہ عمل کریں، اتنی مرتبہ چیز پھینکیں۔ اجازت شرط ہے۔ اگر ھدیہ نہیں پھینکیں گے تو عامل اور مصنف...... دونوں بری الذمہ ہیں۔ اس کا وزن عامل کی گردن پر ہوگا۔ جہاں اثرات بد کا شک ہو، پانی استعمال میں لائیں۔ ہر جادو، ٹونہ، آسیب چیخیں مارتا بھاگ جاتا ہے۔

................*........*........*

حکیم حسن رضا حسانی

جادو جنات کے خاتمے کا مجرب عمل

یہ عمل ہر قسم کے جادو کے علاج میں مفید ہے خواہ سفلی ہو یا علوی یا سامری یا بنگالی، بہر کیف یہ عمل بہت مفید ہے سحر کا مکمل و جامع دفعیہ ہے۔ اسی طرح جنات و شیاطین، آسیب و ہمزاد کے اثر کے علاج میں بھی بہت مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے ایک مٹی کی کوری طشتری لائے۔ سورۂ یٰسین کا نقش مبارک لکھے اور اس کو لوبان صندل سفید و سرخ کی دھونی دیوے اور اسی وقت سورۂ یٰسین اکتالیس (41) مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور نام لے کہ اس کے ذریعے فلاں بن فلانہ کے شیطانی اثرات یا جادو کے اثرات باطل و زائل ہو جائے۔ یہ عمل مریض کی غیر موجودگی میں تیار کر کے رکھ لیں۔ جب مریض کا اتار کرنا ہو تو اس وقت مریض کو لوبان صندل سفید و سرخ کی دھونی دیوے اور ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پوری پڑھیں اور دم کریں اور اس طشتری کو مریض کے اوپر تین (3) مرتبہ سر سے پیر کی طرف آگے سے اور تین مرتبہ پیچھے سے بدن سے لگا کر اتار کریں اور اس طشتری کو فرش پر زور مارے کہ اس کے ریزے ریزے ہو جائیں اور پھر ان ٹکڑوں کو قبرستان میں دفن کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے سحر سے متاثر مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ سورۂ یٰسین کا نقش یہ ہے:

جبرائیل — ۷۸۶ — میکائیل

۵۳۹۰۵	۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۳
۵۳۹۱۷	۵۳۹۱۲	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۸
۵۳۹۱۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۲۱	۵۳۹۰۷
۵۳۹۲۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۱۰	۵۳۹۱۵

اسرافیل — عزرائیل

اس عمل میں مکمل احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ اس عمل سے ساحر کی ہلاکت کا اندیشہ ہے جو عامل پر پلٹ وار کر سکتا ہے۔ لہٰذا عامل ہی اس عمل کو کریں، اجازت لے کر عمل شروع کریں۔

................*........*........*

سید ذیشان نظامی (جہلم)

آسیب و جن و جادو کا اثر دور کرنا

اگر کسی پر جن، دیو پری یا کسی قسم کے جادو کا، آسیب کا اثر ہو جس سے مریض بُرے بُرے خواب دیکھتا ہو اور ہمیشہ مختلف قسم کی بیماریوں میں رہتا ہو تو اس نقش کو تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں۔ اچھا ہو جائے تو بہتر ورنہ اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنا کر اس کا دھواں مریض کو دیں، خواہ کسی قسم کا آسیب کیوں نہ ہو فوراً بولنے لگ جائے گا اور شور و غل مچائے گا کہ مجھے چھوڑ دیں، اگر عہد دے تو چھوڑ دیا جائے۔ پھر اس مریض کے پاس کوئی آسیب نہ آئے گا۔ یہ طریقہ اکثر بزرگان کاملین کا تجربہ شدہ ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۳۲	۱۲۷	۱۳۴
۱۳۳	۱۳۱	۱۲۹
۱۲۸	۱۳۵	۱۳۰

................*........*

وظیفہ برائے دفیعہ رجعت وآسیب وجنون جادو و ٹونہ وغیرہم

محمد عبدالرؤف بلوچ (کوئٹہ)

اگر کوئی شخص کسی بھی قسم کے جنون ومرگی یا جادوٹونہ سحر وآسیب ومسان، جن وبھوت وپری وغیرہم کی گرفتگی کی تکلیف دہ اور مہلک عارضے میں گرفتار ہو۔ تو ایسے شخص کو چاہیے کہ درج ذیل انتہائی مجرب ومستند وظیفہ کو روزانہ صبح وشام پڑھتا رہے۔ ہفتے عشرے میں بالکل ٹھیک ٹھاک ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ!

نیم گرم پانی لے کر اس میں مصیبت زدہ شخص اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر ان اوراد وظائف اور سورتوں کو مکمل یقین وتوجہ سے گیارہ گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر پانی پر پھونکتا رہے۔ تمام برے اثرات پانی میں آجائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ پڑھائی مکمل کرنے کے بعد اس دم شدہ پانی کو کسی ایسی جگہ پر بہادیں۔ جہاں پر گندگی نہ ہو اور نہ ہی کسی شخص کے پاؤں اس دم شدہ پانی پر پڑیں۔ بہتر تو یہ ہے کہ! اس دم شدہ پانی کو کسی درخت وپودے کی کیاری میں انڈیل دیں یا پھر اپنی چھت پر ہی گرا دیں۔

بہر حال! اگر اسی عمل کو ہمیشہ اختیار کیا جائے تو تاحیات اس پورے گھر پر کسی کے جادوٹونہ یا کسی جن وآسیب، پری ودیو کے اثرات نہیں ہوں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

سورۂ فاتحہ مع تسمیہ 11 بار

آیت الکرسی مع تسمیہ 11 بار

سورۂ حشر (لو انزلنا ھذا القرآن۔۔تا آخر) مع تسمیہ 11 بار

سورۂ بقرہ (آمن الرسول۔۔۔تا آخر) مع تسمیہ 11 بار

سورۂ اخلاص مع تسمیہ 11 بار

سورۂ فلق مع تسمیہ 11 بار

سورۃ الناس مع تسمیہ 11 بار

سورۂ مؤمنون (افحسبتم انما خلقنکم سے آخر تک) مع تسمیہ 11 بار

دعائے رجعت مع تسمیہ 11 بار

اسمائے عشرہ موسوی مع تسمیہ 11 بار

اسمائے اصحاب کہف مع تسمیہ 11 بار

پہلے ایک سورۃ کو 11 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ (یعنی پانی پر پھونکیں) پھر دوسری سورۃ وغیرہ 11 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ (علی ھذا القیاس) پھر تیسری سورۃ 11 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ یہ تمام عمل باوضو مصلے پر قبلہ رخ بیٹھ کر کریں۔ دس اسمائے موسوی یہ ہیں: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَتِ سَرَایُوا۔ لِذَرۡعِیۡ جُوۡسًا۔ مَنُوۡعًا۔ عَالِمًا۔ طَیُوۡسُوۡنًا۔ سَلِیۡخًا۔ مَلِیۡخًا۔ مَلۡقُوۡمًا۔ یَاقَیُوۡمًا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ اِھۡیًا اَشۡرَاھِیًا۔ فَسَیَکۡفِیۡکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمِ

اسمائے اصحاب کہف یہ ہیں: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَۃِ یَمۡلِیۡخَا۔ مَکۡسَلۡمِیۡنَا۔ کَشۡفُوۡطَطۡ۔ تَبۡیُوۡنَسۡ۔ کَشَافَطِیُوۡنَسۡ۔ اَذَرۡفَطِیُوۡنَسۡ۔ یُوَانَسۡ۔ بُوۡنَسۡ۔ بُوۡسَ۔ وَاِسۡمُ رَاعِیۡ مَرۡطُوۡنَسۡ وَاِسۡمُ کَلۡبِھِمۡ قِطۡمِیۡرۡ۔ وَعَلَی اللّٰہِ قَصۡدُ السَّبِیۡلِ وَمِنۡھَا جَآئِرٌ۔ وَلَوۡشَآءَ لَھَدٰکُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ۔ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔

دعائے رجعت یہ ہے: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ عَلِیۡقًا۔ مَلِیۡقًا۔ طَلِیۡقًا۔ خَالِقًا۔ مَخۡلُوۡقًا۔ کَافِیًا۔ شَافِیًا۔ اِرۡتَطٰی۔ مُرۡتَطٰی۔ بِحَقِّ یَابُدُّوۡحُ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ۔ وَلَا یزید الظالمین الاخسارا۔ بِحَقِّ آسًا۔ تَاسًا۔ لَاسًا۔ وَلُوۡسًا۔ اِرۡجِعُوۡا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ وَلَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ۔ اَللّٰھُمَّ ادۡفَعۡ عَنَّا السِّحۡرَ وَالدَّعۡوَۃَ وَالۡعَیۡنَ فَارۡجِعۡ اِلٰی عَامِلِھَا۔

جادو اور شیطانی اثرات کا علاج

علامہ ابتسام الٰہی ظہیر حفظہ اللہ

قرآن مجید اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات سے جادو کی روک تھام کے لیے جو تدابیر معلوم ہوتی ہیں وہ درجہ ذیل ہیں:

1 ارکان اسلام کی بجا آوری اور اللہ تبارک و تعالیٰ کی خصوصیت سے عبادت کا اہتمام کرنا: جب انسان عبادات اور ارکان اسلام کی بجا آوری کا خصوصیت سے اہتمام کرتا رہتا ہے اور بغیر تعطل کے تسلسل کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ کے احکامات کی تعمیل کرتا رہتا ہے تو جادو کے اثرات بتدریج کمزور ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

2 طہارت کا اہتمام کرنا: جب انسان تزکیہ اور طہارت کا اہتمام کرتے ہوئے مسلسل ناپاکی سے دور رہتا اور تواتر کے ساتھ وضو اور غسل کا اہتمام کرتا رہتا ہے تو اس پر جادو کے اثرات کمزور سے کمزور تر ہوتے جاتے ہیں۔

3 سورۂ بقرہ کی تلاوت: اسی طرح احادیث مبارکہ سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ جس گھر میں سورۂ بقرہ کی تلاوت کی جاتی ہے اس گھر میں تین (3) دن تک شیطان نہیں گھس سکتا اور احادیث مبارکہ اس امر پر بھی دلالت کرتی ہیں کہ جادوگر سورۂ بقرہ کا مقابلہ کرنے کی سکت نہیں رکھتا۔

4 آیۃ الکرسی اور سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات: جو شخص پوری سورۂ بقرہ کی تلاوت نہیں کرتا اسے یہ بات ذہن نشین کرنی چاہیے کہ آیۃ الکرسی اور سورۂ بقرہ ہی کی آخری دو آیات بھی جادو کے خلاف مؤثر اور مفید ہیں۔

5 معوذتین اور اخلاص کی تلاوت: سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس صبح و شام تین تین (3-3) مرتبہ پڑھنے سے جادو کے اثرات زائل ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اسی طرح ہر نماز کے بعد اور سونے سے قبل بھی آیت الکرسی اور معوذات (سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ، سُوْرَۃُ الْفَلَقِ، سُوْرَۃُ النَّاسِ) پڑھنی چاہئیں۔

6 احادیث میں مذکور معوذات: معوذتین کے ساتھ ساتھ احادیث میں بھی بعض معوذات مذکور ہیں، جن میں سے سرفہرست ''عوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق'' ہے۔ ان معوذات کو پڑھنے سے بھی جادو کے اثرات زائل ہوتے چلے جاتے ہیں۔ بعض دیگر اذکار بھی جادو کے اثر کو زائل کرنے میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔ جن میں سے ''بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔'' سرفہرست ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص صبح سو (100) مرتبہ ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔'' ورد کرے تو اس پر اس دن شیطانی اثرات مرتب نہیں ہو سکتے۔ اسی طرح ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ۔'' بھی شیطانی اثرات کی روک تھام کے لیے مؤثر ہیں۔

7 مسنون طریقہ ہائے علاج: مسنون طریقہ علاج میں سے حجامہ کروانا اور صبح نہار منہ عجوہ کھجور کھانا بھی جادو کے اثرات کو زائل کرنے کے لیے مؤثر ہیں۔

بقیہ (ص 72): اثرات بد سے نجات کے اعمال

جن، بھوت مسلط کر دیئے گئے ہو تو اس کے لیے یہ عمل میرا بارہا کا مجرب ہے۔ ایک گز کالی ڈوری لیں۔ اس پر تینتیس (33) مرتبہ آیت الکرسی۔ تینتیس (33) مرتبہ آخری دو قل۔ تینتیس (33) مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ گیارہ (11) مرتبہ سورۂ فاتحہ۔ گیارہ (11) مرتبہ سورۂ اخلاص۔ اکیس (21) مرتبہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ

پڑھ کر ڈوری میں ایک گرہ لگائیں، اس طرح کل پانچ (5) گرہ لگانی ہیں۔ ہر دفعہ گرہ لگاتے وقت گرہ پر دم بھی کرنا ہے۔ پھر یہ ڈورہ سحر زدہ کے گلے میں باندھ دیں اور سحر زدہ پر بھی دم کر دیں۔ بفضل اللہ روز بروز صحت و تندرستی ہوگی اور سحر کے اثرات باطل ہوں گے۔

اثراتِ بد کے مجرب علاج

مرتب: قاری اکرام محمدی

کاروبار میں بندش ختم کرنے کا عمل

اگر جادو سحر یا آسیبی اثرات کی وجہ سے کسی کا کاروبار بند ہو یا کسی مخالف نے سفلی علم کے ذریعے سے بند کرا دیا ہو تو ترکیب اس کی یہ ہے کہ کاروبار کی جگہ پر طلوع آفتاب سے پہلی جائیں اور تین سو تیرہ (313) مرتبہ سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھ کر دکان کے دروازہ پر دم کریں۔ پھر پانچ قدم پیچھے لوٹ کر دونوں جوتی اتار لیں اور جوتوں کو ہاتھ میں لے کر تین (3) بار اس طرح جھاڑیں کہ دونوں جوتوں کے تلوے ایک دوسرے سے ٹکرائیں۔ اس عمل کو اس طرح سات (7) دن تک کریں۔ ان شاء اللہ بندش سے پوری طرح نجات مل جائے گی۔ خیال رہے کہ عمل کرتے وقت کوئی دوسرا شخص آپ کو ہرگز نہ دیکھے۔ یہ عمل انتہائی مجرب اور تجربہ شدہ ہے۔ جن لوگوں کی کاروبار میں بندش ہے وہ اس عمل کو ضرور کریں۔

جادو، جنات، ٹونہ، بندش اور نظرِ بد کا علاج

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَ کَفَرۡتُ بِالۡجِبۡتِ وَالطَّاغُوۡتِ وَاسۡتَمۡسَکۡتُ بِالۡعُرۡوَۃِ الۡوُثۡقٰی لَا انۡفِصَامَ لَہَا وَاللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ۔ وَلَا حَوۡلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ۔ اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ کُلِّہَا مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

سات (7) عدد صاف ستھرے لیموں لے لیں۔ ہر لیموں پر ایک ایک بار مندرجہ بالا عمل لکھ کر اس کے بعد ہر لیموں پر گیارہ (11) بار پڑھیں۔ روزانہ ایک لیموں کے چار حصہ کر لیں۔ ایک (1) لیموں کا حصہ نماز فجر کے بعد اس کا رس چوس کر چھلکا سنبھال کے رکھ دیں۔ اسی طرح دوسرا حصہ ظہر کے بعد، تیسرا عصر کے بعد، چوتھا حصہ رات میں سوتے وقت۔ جب سات (7) روز مکمل ہو جائیں، تمام چھلکے قبرستان میں دفن کر دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے جادو، جنات، ٹونہ، بندش، نظرِ بد ختم ہو جائے گی۔

سخت جادو جنات کا علاج

اگر جادو زیادہ سخت ہو اور جنات کا سایہ ہو تو جادو کا توڑ اور جنات کو جلانے کے لیے اس عمل سے جادو کرنے اور کروانے والے کی موت واقع ہو جائے گی اور اس کا توڑ جادو کرنے یا کروانے والے کے پاس بھی نہ ہو گا۔ سورۂ فاتحہ (11) مرتبہ، سورۃ البقرہ کا پہلا رکوع (11) مرتبہ، آیت الکرسی گیارہ (11) مرتبہ، سورۃ البقرہ کی آخری 2 آیت گیارہ (11) مرتبہ، سورۃ المؤمنون آیت (115) سے لے کر آیت (118) تک (11) مرتبہ، سورۃ الجن کی پہلی پانچ (5) آیات گیارہ (11) مرتبہ، سورۂ اخلاص گیارہ (11) مرتبہ، سورۃ الفلق گیارہ (11) مرتبہ، سورۃ الناس گیارہ (11) مرتبہ، اول و آخر گیارہ (11) مرتبہ درود ابراہیمی نماز والا پڑھنا ہے۔ ہر نماز یعنی پانچوں وقت کی نماز کے بعد پڑھنا ہے۔ اس کے بعد اپنے اوپر خود دم کریں اور پانی پر یا پانی کی بوتل پر دم کر کے خود پیجئے۔ یہ عمل مریض کو خود کرنا ہے۔ نماز کی پابندی کریں۔ ہر وقت پاک وصاف رہیں۔ منفی خیالات سے پرہیز کریں۔ خیالات کی پاکیزگی نہایت ضروری ہے۔ صدقہ دیجئے اور قرآنِ پاک کی تلاوت کیجئے اور اسے سمجھ کر پڑھیے اور اس پر عمل کیجیے۔ ان شاء اللہ جلد ہی اس کے اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ یہ عمل ہر شخص کر سکتا ہے چاہے وہ مریض ہو یا نہ ہو۔

نظر بد اور جادو کا علاج

بہت ہی پرانا اور آزمایا ہوا طریقہ۔ اس کے لیے آپ کو چاہیے ایک لیموں، سات (7) عدد آدھا انچ کی کیل، (جو جوتے میں لگائی جاتی ہیں)۔

طریقہ: آپ ایک کیل پر سات (7) مرتبہ آیۃ الکرسی اور سات سات (7-7) مرتبہ تینوں آخر والے قل، پڑھ کر کیل پر پھونک مارو اور لیموں کے اندر یہ سوچ کر گھسا دو کہ آپ پر جس کو آپ سے حسد ہے یا کسی نے آپ پر جادو کیا ہے، یہ کیل اس کے جسم میں گھس رہی ہے۔ اسی طرح یہ سات (7) کیل لیموں میں گھسانی ہیں اور پھر اس لیموں کو آپ اپنے پرانے کپڑوں میں لپیٹ کر کہیں پر رکھ دو، لیموں ایک دن میں یا دو دن میں یا زیادہ سے زیادہ تین (3) دن میں سڑ جائے تو سمجھو نظر بد اور جادو ختم ہو گیا۔ اگر تین (3) دن میں لیموں نہیں سڑتا تو آپ پر کوئی جادو نہیں۔ یہ عمل آپ کسی بھی دن کر سکتے ہو مگر یہ عمل بدھ والے دن کرنا سب سے بہتر ہے۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات
80
اپریل 2022ء
دار العمل چشتیہ فلاحی مرکز
سرمایہ کاری کیجئے اور جنت کمائیے
دار العمل چشتیہ فلاحی مرکز امید کی کرن ہے
کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصائب، بلیات، آفات اور پریشانیوں سے محفوظ رہیں
آج ہر انسان پریشان ہے۔ پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: "بَادِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَاءَ لَا يَتَخَطَّاهَا"
ترجمہ "مصیبت آنے سے پہلے صدقہ دے دو کیونکہ (صدقہ دیوار کی طرح آڑے آجاتا ہے اور) مصیبت اس کو پھاند کر نہیں آسکتی"۔ (مشکوٰۃ ص 167)
الحمد للہ دار العمل چشتیہ میں 11 شعبے کام کر رہے ہیں، جن کے کافی مالی اخراجات ہیں، ان شعبوں میں تعاون فرمایئے تاکہ روحانی علوم کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچایا جاسکے۔ سسکتی اور مظلوم انسانیت کی مدد کیجئے، پریشان حال لوگوں کیلئے دار العمل چشتیہ فلاحی مرکز امید کی کرن ہے۔
بہترین کارِ خیر: ماہنامہ خزینہ روحانیات کو ائمہ مساجد یا علماء کرام کی خدمت میں پیش کیجئے یا ان کو سالانہ ممبر شپ دلوا دیجئے۔
سحر و افطار فنڈ
آئیے اس رمضان المبارک میں آپ بھی روزہ افطار کرائیں
الحدیث: "جس نے کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرایا اس کو اتنا ہی اجر ملے گا جتنا روزہ دار کو اور روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی"۔ (ابن ماجہ)
روزہ داروں کو افطار
مفلس افراد کا کھانا
روزہ داروں کی سحری
معتکفین کی سحری و افطاری
روزہ داروں کو روزہ افطار کرانے کے لیے سحر و افطار فنڈ میں بڑھ چڑھ کر دار العمل چشتیہ کے ساتھ مالی تعاون فرمائیں۔
روزوں کا فدیہ: جو حضرات و خواتین روزے رکھنے سے معذور ہیں وہ اپنے روزوں کا فدیہ بھی ٹرسٹ جمع کرا سکتے ہیں جو کہ مستحقین کو دیا جائے گا۔
صدقۃ الفطر: عید کی خوشیوں میں بے بس و نادار افراد کو یاد رکھیے اور صدقہ فطر ادا کر کے ان کی جھولیاں خوشیوں سے بھر دیجئے۔
دار العمل چشتیہ فلاحی مرکز کے اہداف
قرآنی مکاتیب کا قیام ❁ غرباء کو علاج معالجہ کیلئے وسائل مہیا کرنا ❁ مختلف دینی مدارس میں مقیم غریب طلبہ کی کفالت ❁ نابینا افراد کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاونت ❁ بیواؤں، یتیموں کی پرورش کے لیے ماہانہ وظیفہ ❁ مسافر طلبہ میں کتب و انعامات کی تقسیم ❁ نادار بہن بھائیوں کو نئے یا استعمال شدہ لباس کی فراہمی ❁ غریب گھرانوں میں ماہانہ غذائی اجناس فراہم کرنا ❁ مساجد کی تعمیر میں حصہ ❁ مدارس کے اخراجات میں تعاون اور اس کے علاوہ ❁ علاج کروانے والے غریب بیماروں ❁ تعلیم حاصل کرنے والے نادار بچوں ❁ ماہانہ راشن کی تقسیم مفلوک الحال لوگوں میں ❁ ماہانہ وظیفہ حاصل کرنے والے لوگوں میں ❁ بنیادی ضرورتوں کے لئے فائدہ اٹھانے والے جیسے خدمت خلق کے کاموں میں ہمارا ہاتھ بٹائیں اور ہزاروں افراد کی دعائیں لیجئے۔
ان تمام صدقات جاریہ میں شرکت کے لئے زکوٰۃ، صدقات، فطرہ، عطیات دار العمل چشتیہ فلاحی مرکز کو عنایت فرمایئے۔
مزید تفصیلات کے لئے رابطہ فرمائیں: 0322-4773786, 0312-7772772, 042-35410586
خواتین کے لیے بغیر فیس اعمال کی تفصیل
http://goo.gl/9GxhYy
اثرات بد نمبر

جادو...... جدید ریسرچ، خواب، اسباب اور علامتیں

محمد شہزاد (بورے والا)

جادو جس طرح ہمارے معاشرے میں پھیل رہا ہے، اسی طرح اب جادو کا علاج بھی ایک سائنس بن چکا ہے کہ جس میں بیسیوں پہلوؤں سے تحقیق ہو رہی ہے۔ کچھ عاملین سائیکالوجی اور جھاڑ پھونک دونوں کو جمع کر کے ایک نیا مکتبہ فکر بنا رہے ہیں تو کچھ میڈیکل سائنس کے ساتھ دم درود کو استعمال کر رہے ہیں۔ خواب اور جادو میں ایک اہم تعلق ہے۔ اسی پہلو سے اس کی تحقیق ہو رہی ہے۔ کوئی اچھا عامل آپ کو لازمی پوچھے گا کہ آپ کو خواب کیسے آتے ہیں؟ مثلاً اگر آپ کو خواب میں سانپ بچھو بلی وغیرہ بار بار نظر آ رہے ہیں تو اس کی وجہ کیا ہے؟ اصل میں یہ آپ کے لیے الٹی میٹم ہوتا ہے کہ آپ کے ساتھ کچھ غیر مرئی ہو رہا ہے، اس کے علاج کی طرف توجہ دیں۔

آج میں اس کے بارے میں کچھ بتاؤں گا۔ عاملین کی ایک جماعت کا کہنا ہے کہ اگر آپ کو خواب میں بار بار سانپ نظر آئے تو یہ جادوگر کا خادم جن ہے جو آپ کو تنگ کر رہا ہے۔ اگر وہ سانپ آپ کے پیچھے لگتا ہے تو ابھی تک وہ جن آپ کے جسم میں داخل نہیں ہوا اور اگر وہ آپ کو خواب میں کاٹ لیتا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس جن نے آپ کو مس (touch) کیا ہے۔ اگر وہ اژدھا ہے تو یہ کوئی بہت بڑا جن ہے اور اگر عام سائز کا سانپ ہے تو عام جن ہے کہ جنہیں اصطلاح میں "عمار" کہا جاتا ہے۔ اگر کالے سیاہ رنگ کا سانپ ہے تو یہودی جن ہونے کا امکان زیادہ ہے، اگر زرد رنگ کا ہے تو عیسائی جن اور سفید رنگ ہے تو مسلمان جن ہونے کا امکان زیادہ ہے۔ جادو اور سانپ میں تعلق کے بارے حضرت موسیٰ اور فرعون کے جادوگروں کے واقعے میں بھی صریح اشارے موجود ہیں۔ اگر خواب میں شیر دیکھے تو یہ جنات میں کوئی مقام اور رتبہ رکھنے والے جن کی علامت ہے اور اگر گدھا دیکھے تو یہ بہت ہی بڑا جن ہے کہ جسے عام جادوگروں کے لیے قابو کرنا مشکل ہے اور عاملین کے لیے اس کا علاج آسان نہیں ہے۔ اگر خواب میں کتا دیکھے تو یہ بھی جادوگر کا خادم جن ہے، اگر کالا ہو تو یہ یہودی جن ہے اور اگر زرد رنگ کا ہے تو اس کا ایک معنی یہ ہو سکتا ہے کہ وہ عیسائی جن ہے اور دوسرا یہ معنی بھی ہو سکتا ہے کہ وہ واش روم، بیت الخلاء وغیرہ جیسے مکان میں رہتا ہے۔ اور اگر خواب میں چھپکلی دیکھے تو یہ حاسد کی نشانی ہے۔ اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ حاسد کی نظر لگنے کی علامت ہے۔ اگر خواب میں بلی بار بار نظر آئے تو عاشق جن ہے۔ اور عاشق جن خواب میں ایسی صورت میں آتا ہے کہ جس سے انسان کو مانوسیت ہو۔ اگر خواب میں اونٹ کو دیکھے کہ وہ پیچھے لگا ہے تو یہ سرکش شیطان ہے۔ اور اگر چیتا دیکھے تو یہ بھی متمرد شیطان ہے اور صحرائی ہے۔ اگر بار بار مچھلی دیکھے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ حملہ آور شیطان پانی کا رہائشی ہے۔

ان چیزوں کا خواب میں دیکھنے کا ضروری مطلب یہ نہیں ہے کہ جادو ٹونا یا تعویذ گنڈا ہی ہوا ہے بلکہ اگر یہ چیزیں خواب میں بار بار نظر آئیں اور خواب میں یا خواب کے بعد بے چینی اور اضطراب کا باعث بنیں تو آپ کو روحانی علاج کی ضرورت ہے۔ اور بہتر یہی ہے کہ آپ اپنا روحانی علاج خود سے کریں۔ آپ کے لیے آپ سے بہتر روحانی معالج کوئی نہیں ہو سکتا۔ بعض اوقات کچھ بھی نہیں ہوتا، صرف انسانی وہم ہوتا ہے اور انسان اسے جادو ٹونا یا تعویذ گنڈا سمجھ لیتا ہے لیکن وہم اور حقیقت کو جاننے کے کئی ایک ذرائع ہیں، جن میں سے ایک یہ ہے کہ اچانک انسان کے خواب غیر معمولی ہو جائیں۔ اسی طرح جادو ٹونا ہے یا نہیں، تو یہ معلوم کرنے کا دوسرا راستہ شرعی جھاڑ پھونک اور مخصوص اوراد وظائف ہیں کہ جن کا پڑھنا فوراً تیر کی طرح جا کر لگتا ہے اور چیزیں ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں یا پڑھنے والے کو اپنی موجودگی کا احساس دلانا شروع کر دیتی ہیں، چاہے وہ پیشہ ور ہو یا نہ ہو۔ ایک روایت کے الفاظ ہیں: عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ الرُّؤْيَا ثَلَاثٌ: مِنْهَا اَهَاوِيلُ مِنَ الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ بِهَا ابْنَ آدَمَ، وَمِنْهَا مَا يَهُمُّ بِهِ الرَّجُلُ فِي

يَقْظَتِهِ. فَيَرَاهُ فِي مَنَامِهِ. وَمِنْهَا جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ۔ "حضرت عوف بن مالک سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ خواب تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ ہیں کہ جو شیطان کی طرف سے ڈراوا ہیں تاکہ وہ ان کے ذریعے انسان کو پریشان رکھے۔ دوسرا وہ خواب ہیں کہ جو کچھ ہم بیداری میں دیکھتے ہیں تو وہ خواب میں نظر آتا ہے۔ اور تیسرا وہ خواب ہیں جو نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں (یعنی یہ اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور سچے خواب ہوتے ہیں)۔"

آسیب، سحر اور نظر بد......تین چیزیں ہیں۔ آسیب تو یہ ہے کہ کسی نے کوئی جادو ٹونا نہیں کروایا لیکن کسی سبب سے کوئی شریر جن یا جننی کسی انسان سے چمٹ گئی یا اسے اذیت پہنچانے لگی۔ اس کا عموماً سبب یہ ہوتا ہے کہ "عمار" کو کسی انسان سے لاشعوری طور کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ غصہ اور ردِّ عمل میں اس انسان کو تنگ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ یا کوئی شخص جنات قابو کرنے کے لیے چلّہ کاٹتا ہے تو وہ اس کے پیچھے پڑ جاتے ہیں یا کوئی جن کسی انسان پر کسی سبب سے عاشق ہونے کی وجہ سے اس کا پیچھا نہیں چھوڑتا اور اس کی شادی میں رکاوٹ بن رہا ہوتا ہے اور ایسا بہت ہی نادر ہے یا پھر کسی قسم کی خوشبو لگانے سے کوئی جن کسی انسان کے پیچھے لگ جاتا ہے یا بعض اوقات نیک لوگوں کی نیکی میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے بھی جنات شرارتیں کرتے ہیں تاکہ انہیں پریشان کر کے ان کی نیکی میں رکاوٹ بن جائیں اور بعض لوگوں کو یہ خوابوں میں ڈراتے یا پریشان کرتے ہیں اور بعض اوقات صرف وہم ہوتا ہے کہ جنات ہیں جبکہ وہ حقیقت میں نہیں ہوتے اور بعض اوقات کوئی نفسیاتی مسئلہ ہوتا ہے مثلاً خاص طور پر نوجوان لڑکوں یا لڑکیوں کا بروقت شادی نہ ہونے کا مسئلہ ہوتا ہے لیکن اسے جنات کا مسئلہ بنا لیا جاتا ہے۔ اس بارے ہمارے معاشرے میں دونوں انتہائیں موجود ہیں۔ ایک طرف وہ لوگ ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ جن وغیرہ کچھ نہیں ہے، بس ماہر نفسیات کو دکھائیں اور دوسری طرف وہ لوگ ہیں جو بچوں کے نفسیاتی مسائل کو بھی جنات کا مسئلہ بنا دیتے ہیں۔ اگر روحانی معالج اچھا اور نیک ہو تو جھاڑ پھونک سے اسے فوراً معلوم ہو جاتا ہے کہ مسئلہ جنات کا نہیں ہے بلکہ نفسیاتی ہے یا شادی وغیرہ کا ہے۔ اور ماہرین نفسیات تو وہ اکثر و بیشتر جنات وغیرہ کی حقیقت کو مانتے ہی نہیں ہیں۔ لہٰذا انہیں کبھی یہ اندازہ نہیں ہو پاتا کہ مسئلہ نفسیاتی ہے یا روحانی۔ لیکن یہ بات درست ہے کہ نفسیاتی طریقہ علاج سے کسی قدر مریض کو افاقہ ہوتا ہے لیکن مکمل صحت نہیں ملتی۔ روحانی مریض کو نفسیاتی طریقہ علاج سے جو کسی قدر شفا ملتی ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ جنات کا حملہ انسان کے دل و دماغ اور جسم کے ان حصوں پر ہوتا ہے جو کمزور ہوں۔ پس اگر ان اعضا میں قوت مدافعت بڑھ جائے تو مریض کو نقصان کم پہنچتا ہے۔ محسوس یہی ہوتا ہے کہ شیطان، انسان کے جسم میں بیماری پیدا نہیں کرتا بلکہ انسانی خون میں موجود بیماری کے جراثیم کو چھیڑتا ہے اور دل و دماغ میں وسوسہ پیدا کرتا ہے اور یہ وسوسہ بڑھتے بڑھتے ذہنی بیماری کی صورت اختیار کر جاتا ہے۔ پہلی صورت سے جسمانی اور دوسری سے ذہنی بیماری پیدا ہوتی ہے۔ ایک روایت کے الفاظ ہیں: انَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنَ الْإِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ "بے شک شیطان انسان کی رگوں میں خون کی جگہ میں دوڑتا ہے۔" روحانی معالج جسمانی اور نفسیاتی بیماری کے بیرونی سبب کو ختم کرنے کی کوشش کرتا ہے جبکہ طبیب (physician) اور ماہر نفسیات (psychologist) مریض کے جسم اور دماغ میں قوت مدافعت پیدا کر کے اور بیماری کے جراثیم کا مقابلہ کروا کے علاج کرتے ہیں۔ سحر یہ ہے کہ کسی رشتہ دار، دوست، پڑوسی، دشمن نے حسد، بغض، نفرت کے سبب تعویذ گنڈا یا جادو ٹونا کروا دیا۔ جادوگر کفریہ اور شرکیہ عمل کے ذریعہ شیاطین جنات کو خوش کر کے اس کے بدلے میں اُن کی مدد حاصل کرتا ہے۔ اور اُن شیاطین کو اُس کی طرف بھیجتا ہے کہ جس پر جادو کیا جاتا ہے۔ اس کام کے لیے جادوگر جادو کروانے والے سے ایک رقم وصول کرتا ہے اور جادو کرنا کفر ہے کہ جادوگر کو اپنے جادو میں شیاطین کو خوش کرنے کے لیے ان کی عبادت بھی کرنی پڑتی ہے۔ جادو کرنے والا اپنے کفر کے سبب دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جادوگر کی سزا یہ بیان کی ہے کہ اس کی گردن اڑا دی جائے۔ ایک موقوف روایت کے الفاظ ہیں: حَدُّ السَّاحِرِ ضَرْبَةٌ بِالسَّيْفِ "جادوگر کی سزا، اس کو قتل کرنا

ہے۔"

نظر سے مراد نظر کا لگ جانا ہے اور نظر کا لگ جانا برحق ہے۔ جس طرح انسان کی گفتگو دوسرے کو متاثر کرتی ہے کہ آپ کسی کو گالم گلوچ کریں تو اس کے چہرے کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے، اسی طرح انسان کے جذبات بھی دوسروں کو متاثر کرتے ہیں۔ اگر آپ کسی سے حسد کا جذبہ رکھتے ہیں تو یہ جذبہ (feeling) آپ کی آنکھوں کے راستے اس شخص کو متاثر کر سکتا ہے کہ جس سے آپ کو حسد ہو۔ اور اسی کو نظر لگ جانا کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں سورۃ الفلق میں حاسدین کے شر سے پناہ مانگی گئی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿١﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿٢﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿٣﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿٤﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾ ''کہہ دیجئے کہ مانگتا ہوں صبح کے رب کی۔ ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔ اور رات کی تاریکی کے شر سے جب کہ وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونکنے والوں (یا والیوں) کے شر سے۔ اور حاسد کے شر سے جب کہ وہ حسد کرے۔"

ان تینوں قسموں...... آسیب، جادو اور نظر بد کا روحانی علاج الگ ہے جو کہ اس وقت ہمارا موضوع نہیں ہے۔ ہم اس وقت یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ بعض روحانی معالج بعض اوقات شرعی دم کرتے ہیں لیکن ان کی جھاڑ پھونک کے نتائج برآمد نہیں ہوتے تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟ یا شرعی دم کو اثر انگیز بنانے والی کیا چیزیں ہوتی ہیں؟ ذیل میں ہم چھ چیزیں نقل کر رہے ہیں:

❶...... پہلی چیز روحانی معالج کا متقی اور عالم ہونا ہے۔ جھاڑ پھونک کرنے والا جس قدر زیادہ علم اور تقویٰ کا حامل ہوگا، اسی قدر اس کے دم میں اثر ہوگا۔ اور انسان کی زندگی میں جس قدر علم اور تقویٰ کم ہوگا، اسی قدر اس کے دم کا اثر بھی کم ہوگا۔ مثال کے طور بہترین بارش بہترین فصل پیدا کرتی ہے۔

❷...... دوسری چیز مریض کا اثر قبول کرنے کی صلاحیت رکھنا ہے۔ اگر کسی عامل کا دم مریض کو فائدہ نہیں دے رہا تو سارا الزام عامل کو نہیں دیا جا سکتا کیونکہ بعض اوقات مریض میں دم کے اثرات کو قبول اور جذب کرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی یا کوئی رکاوٹ حائل ہوتی ہے۔ فصل کے لیے صرف بارش کا ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ زمین بھی اس قابل ہونی چاہیے کہ پیداوار دے سکے۔ اگر زمین بنجر یا سخت ہے تو بارش اسے فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ ایک روحانی معالج نے بتلایا کہ انہوں نے ایک خاتون کو ہفتوں دم کیا لیکن دوران دم تو کچھ تکلیف کم ہو جاتی تھی لیکن جب وہ گھر جاتی تھیں تو تکلیف دوبارہ لوٹ آتی تھی۔ بعد ازاں معاملہ یہ کھلا کہ وہ سود کھانے میں ملوث ہیں کہ جس کی وجہ سے دم کے اثرات ان تک نہیں پہنچ رہے تھے۔ بلاشبہ حرام کھانا انسانی جسم تک کلام الٰہی کے انوارات اور برکات کے پہنچنے میں رکاوٹ بن جاتا ہے۔ یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ اگر مریض متقی اور شریعت پر عمل کرنے والا ہے تو اس پر دم کا اثر زیادہ اور جلدی ہوتا ہے اور مریض جس قدر معصیت میں مبتلا ہو، اس میں دم کے اثرات کو قبول کرنے کی صلاحیت اسی قدر سست ہوتی ہے۔

❸...... معالج اور مریض کے علاوہ تیسری چیز دم کے لیے آیات اور اوراد کا انتخاب ہے اور اس کے لیے معالجین کے علم اور تجربے سے فائدہ لینا چاہیے۔ مثلاً اگر تو مریض کو اذیت دینے والا جن یہودی ہو تو اس پر وہ آیات زیادہ اثر کرتی ہیں جو یہود پر لعنت کے بارے میں ہیں۔ اگر ہندو جن ہے تو اس پر مشرکین پر سختی کرنے والی اور توحید کی آیات بہت اثر کرتی ہیں۔ اگر تو کوئی جن مرتد ہے تو پھر ارتداد والی آیات فائدہ دیتی ہیں۔ اسی طرح اگر جادوگر یا جنات کے دل میں رعب ڈالنا ہو تو آیات رعب کی تلاوت کی جاتی ہے۔ اگر مسلط جن کی حاضری لگوانی ہو تو آیات حضور کی تلاوت کی جاتی ہیں۔ اگر جن کو ہلاک کرنا مقصود ہو تو آیات احراق کی تلاوت کی جاتی ہے۔ اگر جن کو مسلمان کرنا ہو تو اسلام پیش کرنے والی آیات تلاوت کی جاتی ہیں۔ اگر مریض کو خوف اور ڈر محسوس ہوتا ہو تو ایسی آیات کی تلاوت کی جاتی ہیں جن میں اہل ایمان کے لیے خوف یا غم کے نہ ہونے کا ذکر ہے۔

❹...... چوتھی چیز مریض کا جن ہے۔ جس طرح انسان اپنی قوت برداشت میں مختلف ہوتے ہیں یعنی کوئی پہلوان ہے اور کوئی کمزور تو اسی طرح کا معاملہ جنات کا بھی ہے۔ بعض مریضوں پر جو جنات مسلط کیے جاتے ہیں، ان کی

قوت برداشت (stamina) بہت زیادہ ہوتی ہے۔ معالج ان پر ایک آدھ گھنٹہ دم کر کے تھک جاتے ہیں اور جن یہ تاثر دیتا ہے کہ اسے کچھ نہیں ہو رہا حالانکہ اسے اذیت ہو رہی ہوتی ہے لیکن وہ معالج کو دھوکا دیتا ہے۔ بہت سے معالجین نے یہ بیان کیا ہے کہ جب انہوں نے دم کا دورانیہ بڑھایا یعنی کئی گھنٹے مسلسل دم کیا تو جن کی قوت برداشت جواب دے گئی اور اس نے اقرار کیا کہ اثر تو مجھ پر شروع سے ہی ہو رہا تھا لیکن وہ میرے لیے قابل برداشت تھا۔ اس لیے جن کی قوت برداشت بھی بعض اوقات بہت اہمیت رکھتی ہے۔ اگر مریض کا جن معالج کو یہ چیلنج کرے کہ مجھے کچھ نہیں ہو رہا یا کچھ نہیں ہوگا تو وہ جھوٹا ہے۔ اور اگر معالج ہمت کرے کہ اسے کئی گھنٹے مسلسل دم کرے تو جن کا تکبر اور غرور خاک میں مل جائے گا، ان شاء اللہ۔ جنات اس بات کو اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ ایک مریض کے لیے معالجین کے پاس اتنا وقت نہیں ہے۔ لہٰذا تھوڑی دیر برداشت کر لو اور معالج خود ہی مایوس ہو کر چھوڑ دے گا۔ اس لیے وہ برداشت کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔

❺...... پانچویں بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر معالج کے ہاتھ میں ہر بیماری کی شفا نہیں رکھی جیسا کہ ہر طبیب کے ہاتھ میں ہر بیماری کا علاج نہیں ہے۔ اور معالج اپنے علم اور تجربے میں بھی مختلف ہوتے ہیں۔ لہٰذا ایک خاص وقت میں اگر کسی معالج سے فائدہ نہ ہو رہا ہو تو اپنا معالج تبدیل کر کے دیکھیں۔ اس سے بھی بعض لوگوں کو فائدہ ہو جاتا ہے۔

❻...... چھٹی بات یہ ہے کہ بعض اوقات اللہ تعالیٰ انسان پر کوئی آزمائش، کچھ خاص وقت تک لیے باقی رکھنا چاہتے ہیں جیسا کہ انسان جسمانی بیماری کا علاج کرواتا ہی رہتا ہے لیکن شفا نہیں ہوتی کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف امر اور قضا نہیں ہے۔ اس لیے اگر جھاڑ پھونک کی تاثیر کے مذکورہ بالا تمام اسباب موجود ہوں اور پھر بھی دم اثر نہ کر رہا ہو تو اسے اللہ کا فیصلہ سمجھے۔ اللہ عزّوجل سے اس آزمائش کے ٹل جانے کی دعا کرے اور صبر سے کام لے لیکن دم کو ترک نہ کرے۔ اس صورت میں صبر اور صبر کے ساتھ دعا ہی ایک ایسی صورت ہے جو آپ کو اس آزمائش سے نجات دلا سکتی ہے۔

دفع اثراتِ بد کے مجرب اعمال

صاحبزادہ محمد عثمان القادری چشتی (فیصل آباد)

جنات جادو کے اثرات سے نجات

یہ نقش جادو جنات کے بد اثرات کو دور کرنے کیلئے نہایت مفید ہے، جس کے پاس ہوگا، ان شاء اللہ کسی قسم کا جادو آسیب اثر نہ کرے گا۔ اگر مریض پر اثرات موجود ہوں تو ایک گلے میں ڈالے، ایک پانی میں ڈال کر پانی روزانہ دن میں کئی مرتبہ پلاتا رہے۔ ان شاء اللہ تمام اثرات سے نجات حاصل ہوگی، خیر و برکت کیلئے بھی مفید ہے۔

۷۸۶_۹۲

۷۳۳	۷۳۷	۷۴۰	۷۲۶
۷۳۹	۷۲۷	۷۳۲	۷۳۸
۷۲۸	۷۴۲	۷۳۵	۷۳۱
۷۳۶	۷۳۰	۷۲۹	۷۴۱

سحر و آسیب کا علاج

یہ عمل بھی سحر و آسیب کے اثرات کو دور کرنے میں عجیب تاثیر رکھتا ہے۔

اس فلیتہ کو لکھ کر اوپر پاک صاف روئی لپیٹ کر چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر روشن کریں، روئی کے اوپر نیلے رنگ کا دھاگہ لپیٹ دیں۔ یہ عمل ہر روز بعد از نماز عشاء یا مغرب کریں اور مسلسل گیارہ (11) دن عمل کریں۔ بحکم اللہ مریض صحت یاب ہوجائے گا، بہتر ہے کہ ہر عمل کرنے سے پہلے مریض حسب توفیق صدقہ خیرات کرے تا کہ بلاؤں سے نجات حاصل ہو۔

علیقاً ملیقاً انت تعلم ما فی قلوبھم
ملیقاً فرعون ھامان شداد نمرود عوداد
ودقیانوس جیجون میخون لعین یاملعوننا فی نار جھنم
دفع ام الصیبان انحناس من جنودو ابلیس

سحر جادو جنات کو دور کرنا

اگر کسی پر جادو یا جنات کا اثر ہو تو پہلے کاغذ مریض کے جسم کے ساتھ مل کر اس پر یہ نقش لکھے پھر اس نقش پر روئی لپیٹ کر کورے چراغ میں روغن زرد ڈال کر اکیلے کمرے میں روشن کرے تا کہ ہوا سے چراغ کی لو ہلے نہ۔ فلیتے کے اوپر نیلا دھاگہ لپیٹ دیں اور پاس چراغ جلاتے وقت عطر پھول خوشبودار اور اگربتی روشن کریں، مجرب ہے۔

اقسمت علیکم یا جبرائیل اجہر

۱۴	۱۹	۱۲
۱۳	۱۵	۱۷
۱۸	۱۱	۱۶

بحق اجہر

جادو جنات نظر بد کے اثرات زائل کرنا

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پینے سے اثرات زائل ہوجائیں گے۔

۱۴۱	۱۴۴	۱۴۷	۱۳۴
۱۴۶	۱۳۵	۱۴۰	۱۴۵
۱۳۶	۱۴۹	۱۴۲	۱۳۹
۱۴۳	۱۳۸	۱۳۷	۱۴۸

سحر و آسیب کا نقش پلانے کے لیے

اگر کسی پر سحر و آسیب جنات کا اثر ہو تو یہ نقش سات (7) عدد لکھے اور ہر روز پانی میں ڈالے اور سارا دن یہ پانی پیتا رہے۔ دوسرے دن نقش بدل ڈالے۔ اسی طرح ہر روز کرے اور مسلسل بتالیس (42) دن یہ عمل کرے۔ بحکم خدا آسیب و جنات اور بد اثرات سے نجات حاصل ہوگی۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مجموعہ وظائف برائے سحر و آسیب

علامہ افتخار الحسن رضوی مدظلہ

الحمد للہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔

جادو، نظر بد، سحر اور آسیب میں مبتلا مسلمان بھائیوں اور بہنوں کے لیے یہ علاج پیش خدمت ہے۔ اس طریقہ علاج کے فوائد و برکات کی بحث میں اس لیے نہیں جاؤں گا کہ یہ کتاب اللہ ہے، کلام اللہ اور رسول اللہ ﷺ کے زبان مبارک سے جاری ہوا ہے۔ سحر و آسیب شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اور شیطان کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی تکلیف نہیں کہ آپ اس کے سامنے اللہ تعالیٰ کی کتاب مقدس کی تلاوت شروع کر دیں۔ بلا مبالغہ عرض کروں کہ ان آیات مبارکہ کی برکت سے سحر کے ان مریضوں کو بھی شفاء ملی جو موت کے منہ میں جا چکے تھے۔ علاج میں اثر اور سرعت کا یہ عالم ہے کہ دوران تلاوت ہی مریض کا جسم اور ذہن سنبھلنا شروع ہو جاتا ہے۔ ہماری طرف سے ان اعمال و اوراد مبارکہ کی اجازت ہر مسلمان کے لیے عام ہے۔ جب ایک بار ہماری طرف سے کاٹ ہو جائے تو اس کے بعد حسب ذیل آیات لکھے ہوئے طریقہ کے مطابق اپنے گھر میں مسلسل تلاوت کریں۔ اللہ تعالیٰ ہر اس مسلمان بھائی اور بہن کے علاج میں اثر و سرعت پیدا فرمائے جو وظائف کو نیک نیتی کے ساتھ اپنے عمل میں لائے۔ مولا تعالیٰ فقیر کے مشائخ سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ رضویہ اشرفیہ کے وسیلہ سے آپ سب کو سلامتی عطا کرے۔ آمین

ہدایات

اس علاج کے دوران کسی سے ذکر نہ کریں کہ آپ کون سا علاج کر رہے ہیں، اسے خاموشی سے جاری رکھیں۔

٭...... فقط اپنے گھر کا یا اپنے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا کھائیں (دورانِ علاج)۔ ہر قسم کا گوشت منع ہے۔ زیادہ سے زیادہ تازہ پھل، سبزیاں اور دالوں پر گزارا کریں۔

٭...... روزانہ کم از کم آدھ گھنٹہ واک کریں اور کھلی فضا میں لمبے سانس لیں۔

٭...... انار، انگور، انجیر، تربوز، پودینہ، دھنیا، کھجور، پالک اور دیگر سبز پتوں والی خوراک کھائیں۔

٭...... جسم و لباس ناپاک ہو یا غسل فرض ہو تو فوراً پاکی حاصل کریں اور گھر کے اندر کسی بھی قسم کے ناپاک کپڑے و اشیاء نہ رکھیں۔

٭...... اپنی زبان کو مستقل تالا لگانے کی کوشش کریں اور ضروری گفتگو کے علاوہ ہر وقت زیادہ سے زیادہ درود پاک اور استغفار کریں۔

٭...... دوران علاج ہر روز کم از کم ایک بار اپنی قریبی مسجد کی صفائی کی ڈیوٹی دیں (مرد حضرات) اور فرض عبادات کی پابندی کریں۔

٭...... خواتین گھر میں روزانہ اہل بیت پاک اور شہدائے بدر کے ایصال ثواب کے لیے کھانے پر فاتحہ پڑھیں اور خود کھا لیں یا مستحقین کو بھجوا دیں۔

طریقۂ علاج

یہ علاج شروع کرنے سے قبل آپ کو مندرجہ ذیل اشیاء درکار ہوں گی۔

٭...... کلونجی حسب ضرورت

٭...... زم زم کا پانی (اگر نہ ملے تو صاف تازہ پانی)

٭...... عجوہ کھجور (اگر نہ مل سکے تو کوئی بھی دستیاب کھجور رکھ لیں)

٭...... شہد

٭...... زیتون کا تیل (اصلی)

یہ تمام اشیاء جمع کر لیں۔ عمل فجر کے وقت شروع کریں (قبل یا بعد نماز فجر)۔ مندرجہ ذیل تمام آیات پڑھ کر ان اشیاء پر دم کر لیں۔ دم کیے ہوئے زیتون کے تیل میں تھوڑی سی کلونجی ملا لیں اور روزانہ رات سونے سے قبل اپنی ناف میں لگائیں، ایک ایک قطرہ دونوں کانوں میں ٹپکائیں، ناک کے نتھنوں میں لگائیں اور پاؤں کے انگوٹھوں پر اس کا مساج کریں۔ ایک گلاس پانی میں ایک (1) چمچ شہد مع ایک یا تین (3) کھجور اور ایک چٹکی کلونجی نہار منہ کھائیں۔

جن افراد خانہ پر سحر و آسیب نہ ہو، وہ بھی یہ اشیاء استعمال کر سکتے ہیں۔

مدت علاج

کم از کم اکیس (21) ایام تک یہ عمل جاری رکھیں، اس دوران کوئی اہم تبدیلی واقع ہو تو رابطہ کریں (اپنے روحانی معالج سے رابطہ کریں)۔

نوٹ حیض و نفاس والی خواتین یہ عمل نہ کریں تاہم وہ سماعت کر سکتی ہیں۔

علاج

گیارہ (11) بار درود پاک اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا . وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِهَا . وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا . وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿۴﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَــــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ڭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۪ وَاغْفِرْ لَنَا ۪ وَارْحَمْنَا ۪ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. لَقَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ڶ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ڏ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ (بقیہ ص 88)

خواتین کے لیے جادو اور جنات سے نجات کا خاص عمل "معوذتین"

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

آج کل جادو اور جنات کے اثرات بہت تیزی کے ساتھ پھیلتے جا رہے ہیں۔ ان کی روک تھام کے لئے بہت ضروری ہے کہ ان کو شروع میں روکا جائے تاکہ وقت پر علاج بھی ہو، حفاظت بھی ہو اور کسی بھی قسم کے نقصان سے بچا جائے۔

معوذتین یعنی سورۂ فلق اور سورۂ ناس جادو اور جنات کے اثرات کی کاٹ کے لئے بہت مجرب عمل ہے اور تمام علمائے کرام، بزرگان دین اور عاملین کے معمولات میں شامل ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آقائے دوجہاں امام الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر کئے گئے جادو کا علاج انہی دو سورتوں سے کیا۔ اس سے ان کی اہمیت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

اس عمل کو سیکھنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ خواتین وقت پر جادو کے اثرات کا علاج کرسکتی ہیں۔ چونکہ خواتین گھروں میں زیادہ رہتی ہیں، اس لئے ان کو اثرات کا اندازہ مردوں کی بہ نسبت بہت جلد ہوتا ہے۔ اس لئے وہ وقت پر اثرات کا تدارک جلدی کرسکتی ہیں۔

اس عمل کی بنیادی کورس میں دو منزلیں کروائی جاتی ہیں۔ پہلی منزل درج ذیل ہے:

آغاز جس دن پاک ہوں، اس دن سے شروع کریں

تعداد اکتالیس (41) بار۔ اول و آخر گیارہ (11) بار درود شریف

مدت اکیس (21) دن

ہدایات ایک وقت اور ایک ہی جگہ پر پڑھیں۔ کسی کو پتہ نہ لگے کہ آپ کون سا وظیفہ پڑھ رہی ہیں۔

مداومت سات (7) بار بعد نمازِ عشاء

طریقہ استعمال عام اثرات کے علاج کے لئے پانی اور مریض پر سات سات (7-7) پر پڑھ کر دم کریں اور ایسا تین (3) بار کریں۔ یہ پانی ایک دن کے لئے استعمال کرنا ہوگا۔ اس طرح اس عمل کو اکیس (21) دن کے لحاظ سے کریں۔

اگر اثرات بہت زیادہ ہوں تو یہی عمل اکیس اکیس (21-21) بار پڑھ کر دم کیا جائے اور ایسا تین (3) بار کیا جائے۔ نیز ایک پلیٹ پر زعفران سے یہ عمل لکھ کر پلیٹ کو دھو کر پانی بنائیں اور اس پر یہ عمل اکیس (21) بار پڑھ کر دم کریں۔ نیز مریض بھی ہر نماز کے بعد سات سات (7-7) بار یہ عمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔ اول و آخر ایک ایک بار درود ابراہیمی۔

زیادہ سخت جادو کے علاج کے لئے عامل کی طرف مریض کو بھیج دیا جائے کیونکہ یہ عمل چھوٹے جادو کی کاٹ کے لئے مؤثر ہے، سخت جادو کے علاج میں عاملہ کو نقصان ہونے کا خطرہ ہے۔ جب اس عمل کی دوسری منزل اور حفاظت کا عمل ہو جائے تو پھر بڑے جادو کے علاج کرنے کے لئے قدم بڑھانا چاہئے تاکہ ہر طرح کے نقصانات سے بچتے ہوئے جادو کی کاٹ ہو جائے۔ دوسری منزل کے لیے روحانی درسگاہ رابطہ کریں۔

مکمل یقین سے اس عمل کو کیا جائے۔ دورانِ عمل حتی الامکان اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے کے اعمال سے اجتناب کیا جائے۔ خوب دعاؤں کا اہتمام کیا جائے۔

بقیہ (ص 87): مجموعہ وظائف برائے سحر و آسیب

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ تین (3) بار

وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وبارك وسلم۔

یہ پڑھ کر خود پر اور اپنے سامنے موجود اشیاء پر دم کرلیں۔ اگر پڑھنے کے دوران جن یا شیطان حاضر ہو جائے تو اس خبیث شیاطین وسحر کو مخاطب کرتے ہوئے حاکمانہ انداز میں یوں کہیں" اخرج عدو اللہ (اے اللہ کے دشمن دفع ہو جا)، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُه۔

اثرات بد نمبر

Web: darulamal.org/matabalaarif
Email: matabalaarif@gmail.com
042-35410586
0304-7772772
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

معروف روحانی سکالر علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کی اب تک شائع ہونے والی کتب کی تفصیل

نمبر شمار	نام کتاب	موضوع کتاب	قیمت
1	ردِ سحر حصہ اول (نیا اضافہ شدہ ایڈیشن)	سحر، جادو، ٹونہ، مسان، کالے علم اور تعویذات کے بداثرات کو ختم کرنے کے مستند طریقہ عملیات پر مبنی لاثانی تصنیف	350
2	ردِ سحر حصہ دوم	جادو ٹونہ، کالے علم، سفلی اعمال، بیر بلوا کی چوکی اور گندا مسان کے بداثرات کو جڑ سے ختم کر دینے والے قوی الاثر اعمال پر انمول تصنیف	500
3	ردِ سحر حصہ سوم	برسوں کے لاعلاج مسحور و معقود افراد کے لیے اک مژدہ جانفزا ردِ سحر کے مجرب و مستند ترین نقوش پر مشتمل لاثانی تصنیف۔ کالے علم، جادو ٹونہ، سفلی اعمال کی چیرہ دستیوں اور ستم نوازیوں نیز گندا مسان کے بداثرات کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے اک ضرب کلیمی	250
4	آسیبی قوتوں سے نجات (نیا اضافہ شدہ ایڈیشن)	ارواح خبیثہ، جنات، بھوت پریت کی شرانگیزیوں سے تحفظ اور تمام تر آسیبی امراض کے شافی و کافی علاج پر لاجواب و بے مثال شہرہ آفاق تصنیف	400
5	چھو منتر	سینہ بسینہ منتقل ہونے والے منتروں کے سربستہ رازوں کا انکشاف۔ محبوب و مطلوب کو مسخر و دیوانہ بنانے اور موہ لینے کے صدری گُر جو چھو منتر میں ہی پڑھ سکیں گے	300
6	فیضان القرآن	تسخیر خلائق، فتوحات، شفاء الامراض، قضائے حاجات، تسخیر ارواح، حل المشکلات، غلبہ بر دشمنان، عزت و توقیر، ترقی روزگار اور کامیابی و کامرانی کے مجرب قرآنی اعمال و نقوش پر لاجواب و شہرہ آفاق تصنیف	300
7	مصباح الارواح	اشارات و نظارات، حاضرات الارواح، تسخیر موکلات و جنات، ملکۃ الجنات و شاہ جنات، تسخیر پریاں، شیاطین، تسخیرات ارواح خبیثہ سفلیہ، تسخیر ملوک سبعہ اور ان کی عفریت و ذریت کے مستند اعمال پر لاجواب و شہرہ آفاق لاثانی تصنیف	1000
8	روحانی خطوط	عاملین و کاملین اور نامور حکماء کرام کے خاص الخاص عملیات و تعویذات اور مجربات کا گلدستہ جو انہوں نے اپنے خاص احباب کو بذریعہ خط عطا فرمایا	225
9	عکس لوح محفوظ	حروف مقطعات نورانیہ کی عالمانہ، صوفیانہ، محققانہ شرح و تشریح تفسیر و معانی اور حروف نورانیہ سے متعلقہ زکوٰۃ کے مستند طریق، شرف کواکب اور شعبہ ہائے زندگی کے مسائل کے حل سے متعلقہ مختلف اعمال و نقوش و تعویذات اور علم لدنی کے مخفی رازوں پر مشتمل بے مثال و لاجواب تصنیف	300
10	فیضان الحروف	حروف ابجد سے کام لینے کے سری قوانین، حروف کی حقیقت، تاثیر، خواص و افعال، قوت جاذبہ، روحانیات اور طلسمات، اعمال و نقوش اور الواح پر مبنی لاثانی و انمول تصنیف	350
11	ریکی ہیلنگ کورس	کائناتی شفاء، انرجی "متبادل طریقہ علاج" جو جسمانی، روحانی، ذہنی اور نفسیاتی امراض کے لیے پوری دنیا میں جاری و ساری ہے۔ ریکی ہیلنگ پر اردو میں پہلی بے مثال لاثانی تصنیف	200
12	پیرا نارمل علوم کا خلاصہ	ہپناٹزم، یوگا، کلر تھراپی، ارو ماتھراپی، میگنٹ تھراپی، مائنڈ پاور، پی پاور، این ایل پی اور دیگر ماورائی علوم پر مستند تحقیقی مضامین پر مبنی اردو میں پہلی تصنیف	250
13	معراج معرفت	طالب عشق حقیقی، سلوک و معرفت، طالب مولیٰ، راہ فقر کے مسافر اور راہ طریقت پر گامزن ہونے والے مبتدی حضرات کے لیے مشعل راہ، خضر نما، پیر کامل کا درجہ رکھنے والی لاثانی تصنیف لطیف	200
14	شاہراہ طریقت	اکابر اولیاء کرام کی تعلیمات پر مبنی بصیرت افروز مرقع، مرشدان طریقت کے لیے پیر کامل کا درجہ رکھنے والی تصنیف	250
15	جہان تصوف	تصوف کی دنیا میں ایک گراں قدر اضافہ جسے رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ تصوف کے انمول موتیوں کا ایک خوبصورت گلدستہ جس کی خوشبو ہر صوفی و سالک کی روح کو معطر کرتی ہے	300
16	کلید رموز مخفی	زمانہ قدیم کی عبرانی، سریانی اور عربی نایاب دعوات مثلاً دعوت برہتیہ، دعوت جلجلوتیہ، دعوت خلخلۃ الھواء، دعوت قسم ناصور، دعائے قرشیہ، دعائے شیخ، دعائے عجیب الاثر، حاضری مطلوب اور تسخیر مطلوب کے اعمال، اسمائے شحخیۃ اور دعوت صمدیہ کی تشریح شرح وضاحت اور ان کے نایاب ترین اعمال۔ ارسال ہاتف اور تسخیر ارواح کے صدری اعمال اور طلسمات، ابن عربی و ابن سینا، پر مبنی ایک ایسی تحقیق جسے آنے والی کئی صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ روحانی علوم و فنون کے وہ مخفی خزینے جن کی مشتاقان روحانیت کو برسوں سے تلاش تھی۔	500
